Darul-Uloom Nadwat-ul-Ulama
P. O. Box 93, Lucknow-226007 (INDIA)
Phones : 2741272 (G.House) 2740151 Fax : 2741231, 2741221
e-mail : Nadwa@sancharnet.in

دار العلوم لندوة العلماء
ص، ب، ۹۳، لکناؤ، الهند

Date. 06/03/2023 Ref. D.U.N./M/889

اعـــــلان تجدید داخله

برائے طلبائے دار العلوم ندوة العلماء وملحقہ مدارس ۴۵-۱۴۴۴ھ مطابق ۲۴-۲۰۲۳ء

۱) **المعهد العالی للقضاء والافتاء :**

اس شعبہ میں ان بیس طلبہ کو داخلہ دیا جائے گا جنھوں نے ۱۴۴۴ھ مطابق ۲۰۲۳ء میں علیا ثانیہ شریعہ (اختصاص فی الفقہ) میں کامیابی حاصل کی ہو، ٹیسٹ میں کامیاب ہونے پر ہی داخلہ دیا جائے گا۔

۲) **المعهد العالی للدعوة والفکر الاسلامی :**

اس شعبہ میں ان دس طلبہ کو داخلہ دیا جائے گا جنھوں نے ۱۴۴۴ھ مطابق ۲۰۲۳ء میں علیا ثانیہ شریعہ وادب میں کامیابی حاصل کی ہو، ٹیسٹ میں کامیاب ہونے پر ہی داخلہ دیا جائے گا۔

۳) **شعبۂ صحافت :**

اس شعبہ میں ان دس طلبہ کو داخلہ دیا جائے گا جنھوں نے ۱۴۴۴ھ مطابق ۲۰۲۳ء میں علیا ثانیہ شریعہ وادب اور عالیہ رابعہ شریعہ وادب میں کامیابی حاصل کی ہو، ٹیسٹ میں کامیاب ہونے پر ہی داخلہ دیا جائے گا۔

۴) **شعبہ انگریزی :**

اس شعبہ میں ان دس طلبہ کو داخلہ دیا جائے گا جنھوں نے ۱۴۴۴ھ مطابق ۲۰۲۳ء میں علیا ثانیہ شریعہ وادب وعالیہ رابعہ شریعہ وادب میں کامیابی حاصل کی ہو، ٹیسٹ میں کامیاب ہونے پر ہی داخلہ دیا جائے گا۔

۵) علیا اولی شریعہ تکمیل کے طلبہ اختصاص تفسیر، حدیث، فقہ اور تاریخ ودعوہ میں داخلہ کے مجاز ہوں گے، ہر اختصاص میں ۲۰-۲۰ طلبہ لیے جائیں گے، اس میں وہی طلبہ داخلہ کے مجاز ہوں گے جو علیا اولی شریعہ (تکمیل) ۱۴۴۴ھ مطابق ۲۰۲۳ء میں کامیاب ہوئے ہوں، ٹیسٹ میں کامیاب ہونے پر ہی داخلہ دیا جائے گا۔

۶) علیا اولی ادب تکمیل (۱۴۴۴ھ مطابق ۲۰۲۳ء) کے طلبہ ادب اور تاریخ ودعوہ میں داخلہ کے مجاز ہوں گے، دونوں اختصاص میں ۲۰-۲۰ طلبہ لیے جائیں گے، ٹیسٹ میں کامیاب ہونے پر ہی داخلہ دیا جائے گا۔

۷) علیا ثانیہ شریعہ وادب (۱۴۴۴ھ مطابق ۲۰۲۳ء) کے طلبہ کے لیے صرف امسال رعایت ہوگی کہ وہ بھی مذکورہ بالا اختصاص میں داخلہ لے سکتے ہیں، ٹیسٹ میں کامیاب ہونے پر ہی داخلہ دیا جائے گا۔

Darul-Uloom Nadwat-ul-Ulama
P. O. Box 93, Lucknow-226007 (INDIA)
Phones : 2741272 (G.House) 2740151 Fax : 2741231, 2741221
e-mail : Nadwa@sancharnet.in

دار العلوم ندوۃ العلماء
ص، ب، ۹۳، لکناؤ، الہند

Date.............................. Ref ....

نوٹ:

مذکورہ بالا شعبوں میں داخلہ کے لیے درخواست سالانہ امتحان کا نتیجہ آنے کے بعد ۱۲/اپریل ۲۰۲۳ء تک آن لائن جمع کرنی ہوگی، ٹیسٹ ۳/مئی ۲۰۲۳ء کو ہوگا۔

علیا اولی شریعہ وادب (تکمیل) میں داخلہ لینے کے وہی طلبہ مجاز ہوں گے جنھوں نے ۱۴۴۴ھ مطابق ۲۰۲۳ء میں عالیہ رابعہ شریعہ وادب (دار العلوم ندوۃ العلماء و مدارس ملحقہ) میں کامیابی حاصل کی ہو، سالانہ امتحان کا نتیجہ آنے کے بعد فارم ۱۲/اپریل ۲۰۲۳ء تک پُر کرسکتے ہیں۔

غیر سندی درجات (دار العلوم ندوۃ العلماء) کے طلبہ سالانہ امتحان کا نتیجہ آنے کے بعد تجدید داخلہ فارم ۱۲/اپریل ۲۰۲۳ء تک پُر کرکے آن لائن فیس ادا کریں۔

معہد دار العلوم سکروری اور مدارس ملحقہ سے دار العلوم ندوۃ العلماء آنے والے طلبہ، سالانہ امتحان کا نتیجہ آنے کے بعد تجدید داخلہ فارم ۱۲/اپریل ۲۰۲۳ء تک پُر کرکے آن لائن فیس ادا کریں۔

ان شاء اللہ دار العلوم میں نئے تعلیمی سال کا آغاز ۱۰/شوال ۱۴۴۴ھ مطابق یکم/مئی ۲۰۲۳ء دوشنبہ سے ہوگا، تجدید داخلہ کی کارروائی ۱۶/شوال ۱۴۴۴ھ مطابق ۶/مئی ۲۰۲۳ء تک ہوگی، اس کے بعد داخلہ کی کارروائی بند کردی جائے گی۔

داخلہ سے متعلق ضروری ہدایات:

۱۔ غیر مستطیع داخلہ فیس Rs.525/= روپے اور مستطیع داخلہ فیس مع زرضمانت Rs.3925/= آن لائن https://www.nadwa.in پر ادا کریں۔

۲۔ آن لائن پیمنٹ (online payment) کی رسید ساتھ لے کر آئیں۔ قدیم طلبہ اپنے متعلقہ نگراں کو رسید دکھا کر داخلہ کی بقیہ کارروائی مکمل کریں۔

۳۔ معہد دار العلوم اور مدارس ملحقہ سے دار العلوم آنے والے طلبہ اپنے داخلہ کی کارروائی کے لیے آن لائن پیمنٹ (online payment) کی رسید دکھا کر دفتر نگران اعلی سے داخلہ کی بقیہ کارروائی مکمل کریں۔

مدیر دار العلوم ندوۃ العلماء

مدیر (پرنسپل)
دار العلوم ندوۃ العلماء، لکھنؤ